pakcity.org

**جماعت: انٹر پارٹ1** **پرچہ:اسلامیات لازمی**

# اہم ترین کثیر الانتخابی سوالات

1۔عقیدے کی مثال بیج جیسی ہے:2۔لفظ عقیدہ کے لغوی معنی ہیں: گرہ لگائی ہوئی چیز:3۔اسلامی عقائد میں سب سے پہلا عقیدہ توحید ہے:4۔توحید کا لغوی معنی ہے اللہ کو ایک ماننا:5۔شرک کے لغوی معنی ہیں حصہ داری:6۔شرک کی تین اقسام ہیں:7۔وحی کی تین صورتیں ہیں:8۔فرشتے اللہ کی نوری مخلوق ہیں:9۔کلمہ شہادت کے دو حصے ہیں:10۔ارکان اسلام کی تعداد پانچ ہے:11۔پاکستان کی تشکیل رمضان کی ستائیسویں شب میں ہوئی۔12۔روزے کا اصل مقصد حصول تقوی ہے۔13۔زکوۃ کے لغوی معنی پاک کرنا ہیں۔14۔مصارف زکوۃ8ہیں۔15۔حج کو جامع عبادت کہا جاتا ہے۔16۔جہاد کے لغوی معنی ہیں کوشش کرنا:17۔ہمسائے کی تین اقسام ہیں۔18۔اسوہ حسنہ کا معنی ہے بہترین نمونہ19۔حضور اکرم ﷺ نے نماز تراویح مسجد میں 3دن ادا فرمائی۔20۔مساوات کے معنی ہیں برابری21۔ذکر کی افضل ترین شکل نماز ہے۔22۔اللہ کے ذکر سے دلوں کو اطمینان ملتا ہے۔23۔حضرت ابو بکر نے تدوین قرآن کے لیے حضرت زید بن ثابت کو مقرر فرمایا۔24۔قرآن کی سب سے چھوٹی سورت الکوثر ہے۔25۔حضور ﷺ نے10ہجری کو آخری حج ادا کیا۔26۔قرآن مجید کے 55نام قرآن سے ماخوذ ہیں۔27۔نزول قرآن کے وقت۔آپ ﷺ کی عمر مبارک40سال تھی۔28۔صحاح ستہ میں کل6کتابیں شامل ہیں۔29۔صحیفہ صادقہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص۔کی تصنیف ہے۔30۔صحیح بخاری کے مولف محمد بن اسماعیل ہیں۔31۔صحیح مسلم کے مولف امام مسلم بن حجاج بن مسلم قشیری ہیں۔32۔نبی کے معنی ہیں:خبر دینے والا33۔آخرت کے مقابلے میں لفظ ہے:دنیا34۔کس گناہ کو ظلم عظیم کہا گیا ہے؟شرک35۔رسالت کے معنی ہیں:پیغام پہنچانا36۔ملائکہ جمع ہے:ملک کی۔37۔انسان کا پہلا عقیدہ ہے:توحید38۔سونے کی زکوۃ کا نصاب:ساڑھے سات تولے39۔جنت قدموں تلے ہیں:ماں40۔قیامت کے روز سب سے پہلے سوال ہوگا:نماز کا۔41۔حضرت جعفر طیار کس غزوہ میں شہید ہوئے:موتہ۔42۔مال پر شرح زکوۃ ہے: 2 1/2٪(اڑھائی فیصد)43۔صبر کے لغوی معنی ہیں: روکنا اور برداشت کرنا۔44۔۔حضور ﷺ نے مدینہ میں گزارے:دس سال۔45۔ذکر کی اقسام: تین۔46۔قرآن پاک ایک کتاب کی شکل میں۔۔۔کے عہد میں مدون کیا گیا: حضرت ابو بکر صدیق۔47۔قرآن پاک کس ماہ میں نازل ہوا:رمضان۔48۔کون سی آسمانی کتاب محفوظ ہے:قرآن۔49۔مشہور آسمانی کتب کی تعداد: چھے۔50۔قرآن کتنے عرصے میں نازل ہوا؟ تیئیس سال

pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

pakcity.org
pakcity.org

**جماعت: انٹر پارٹ1** **پرچہ:اسلامیات لازمی**

## اہم ترین مختصر سوالات

1۔عقیدہ کا لغوی و اصطلاحی معنی لکھیں۔2۔اسلام کے بنیادی عقائد کے نام لکھیں۔3۔عقیدہ توحید سے کیا مراد ہے؟4۔عقیدہ توحید انسان کو کیا عطا کرتا ہے؟5۔شرک کے لغوی معنی لکھیں۔6۔شرک کی اقسام تحریر کریں۔7۔سورہ اخلاص کا ترجمہ لکھیں۔8۔رسالت کا مفہوم لکھیں۔9۔عقیدہ ختم نبوت سے کیا مراد ہے؟10۔ختم نبوت کے متعلق ایک حدیث لکھیں۔11۔رسول کے لغوی اور اصطلاحی معنی کیا ہیں؟12۔انبیاء اسلام کی دو خصوصیات لکھیں۔13۔رسالت محمدی کی دو خصوصیات لکھیں۔14۔کوئی سے چار فرشتوں کے نام اور ان کے کام کی نوعیت لکھیں۔15۔مشہور آسمانی کتب کن کن انبیاء پر نازل ہوئیں؟16۔قرآن مجید کی چار خصوصیات لکھیں۔17۔کتاب اعجاز سے کیا مراد ہے؟18۔عقیدہ آخرت کے انسانی زندگی پر دو اثرات لکھیں۔19۔منکرین آخرت کے دو شبہات کا ذکر کریں۔20۔ارکان اسلام کی تعداد اور نام لکھیں۔21۔کلمہ شہادت کا ترجمہ لکھئے۔22۔کلمہ شہادت کے اجزاء کون سے ہیں؟23۔نماز کے چار فائدے لکھیں۔24۔نماز کے بارے میں کوئی قرآنی آیت یا اس کا ترجمہ لکھیں۔25۔بے روح نمازوں سے کیا مراد ہے؟26۔روزے کے عملی زندگی پر اثرات بیان کریں۔27۔روزے کے بارے میں ایک حدیث لکھیں۔28۔زکوہ کے لغوی معنی بیان کریں نیز مصارف زکوۃ کے نام لکھیں۔29۔زکوۃ کے معاشرتی فائدے لکھیں۔30۔سونے اور چاندی کا نصاب لکھیں۔31۔حج کے چار فوائد لکھیں۔32۔حج مقبول سے کیا مراد ہے؟33۔سعی سے کیا مراد ہے؟34۔جہاد کی اقسام کے نام لکھیں۔35۔ماں کی عظمت کے بارے میں حضور ﷺ کا کیا ارشاد ہے؟36۔والدین کے دو حقوق لکھیں۔37۔استاد کے دو حقوق لکھیں۔38۔غیر مسلموں کے حقوق لکھیں۔39۔چار محاسن اخلاق کے نام لکھیں۔40۔کسب حلال سے کیا مراد ہے؟41۔غیبت اور اتہام میں کیا فرق ہے؟42۔حسد سے کیا مراد ہے؟حسد سے متعلق حدیث کا ترجمہ لکھیں۔43۔یتیموں کی نگہداشت کے بارے میں رسول ﷺ کا کیا ارشاد ہے؟44۔رشتہ مواخات سے کیا مراد ہے؟45۔صبر واستقلال کے لغوی اور اصطلاحی معنی لکھیں۔46۔مقاطعہ بنی ہاشم سے کیا مراد ہے؟47۔صبر سے متعلق سیرۃ النبی ﷺ کے ایک مثال دیں۔48۔نبی اکرم ﷺ کی زندگی سے عفوو درگزر کی کوئی مثال دیں۔49۔حضور ﷺ کافروں کے لیے بھی رحمت تھے۔کیسے؟50۔دو غلام صحابہ کرام کے نام لکھیں۔51۔مسواک کے بارے میں آپ ﷺ کا کیا حکم ہے؟52۔ذکر کے لغوی و اصطاحی معنی کیا ہیں؟ذکر کی اقسام لکھیں۔53۔تسبیح فاطمہ سے کیا مراد ہے؟54۔مکی اور مدنی سورتوں کی دو خصوصیات لکھیں۔55۔قرآن مجید کے چار نام لکھیں۔56۔قرآن مجید کی حفاظت کے بارے میں کوئی آیت معہ ترجمہ لکھیں۔57۔حدیث کے لغوی و اصطلاحی معنی لکھئے۔58۔صحاح ستہ سے کیا مراد ہے؟نیز صحاح ستہ کی کتب کے نام لکھیں۔59۔فقہ جعفریہ سے متعلق حدیث کی مشہور کتب کے نام معہ مصنفین لکھیں۔60۔اسماء الرجال کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟61۔کتاب الآثار اور موطا کے مولفین کے نام لکھیں۔62۔ترتیب توقیفی کیا ہے؟63۔امام مسلم اور امام ترمذی کا پورا نام اور ان کا سن وفات لکھیں۔64۔لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنہ کا ترجمہ لکھیں۔65۔ان اللہ یامر بالعدل والاحسانکا ترجمہ لکھیں۔66۔واعتصمو بحبل اللہ جمیعا ولا تفرقوکا ترجمہ لکھیں۔67۔ان اکرمکم عنداللہ اتقکماکا ترجمہ لکھیں۔68۔المسلم من سلم المسلمون من لسانہ ویدہکا ترجمہ لکھیں۔69۔انما بعثت لاتممہ حسن الاخلاقکاترجمہ لکھیں۔70۔ماعال من اقصدکا ترجمہ لکھیں۔71۔الصدق ینجی والکذب یھلککاترجمہ لکھیں۔72۔کل المسلم علی المسلم حرام دمہ ومالہ وعرضہکا ترجمہ لکھیں۔73۔دہشت گردی کیا ہے؟دہشت گردی کے معاشرے پر دو اثرات لکھیں۔74۔دہشت گردی کے دو اسباب لکھیں۔75۔دہشت گردی سے بچنے کے لیے دو اقدامات لکھیں۔

(

pakcity.org
pakcity.org
Please visit for more data at: www.pakcity.org

pakcity.org

جماعت: انٹر پارٹ1

پرچہ:اسلامیات لازمی

# اہم ترین انشائیہ سوالات

1۔عقیدہ توحید کا مفہوم لکھیں نیز اس کے اثرات لکھیں۔

2۔رسالت کا مفہوم لکھیں۔ نیز رسالت محمدی ﷺ کی خصوصیات لکھیں۔

3۔عقیدہ آخرت کا مفہوم و اہمیت اور انسانی زندگی پر اس کے اثرات لکھیں۔

4۔شرک کسے کہتے ہیں؟اس کی اقسام تحریر کریں۔

5۔زکوۃ کے معاشی اور معاشرتی فوائد لکھیں۔

6۔کسب حلال پر قرآن و سنت کی روشنی میں نوٹ لکھیں نیز اس کی اہمیت بیان کریں۔

7۔رشتہ داروں کے حقوق پر نوٹ لکھیں۔

8۔رسول اللہ ﷺ رحمہ اللعالمین ہیں، سیرت طیبہ سے مثالیں دیں۔

9۔اخوت سے کیا مراد ہے؟ قرآن و سنت کی روشنی میں اس کی اہمیت لکھیں۔

10۔ذکر سے کیا مراد ہے؟اس کی اہمیت اور مختلف صورتیں بیان کریں۔

11۔قرآن مجید کی اہم خصوصیات بیان کریں۔

12۔قرآن مجید کی حفاظت پر نوٹ لکھیں۔

13۔مکی اور مدنی سورتوں کی خصوصیات لکھیں۔

14۔تدوین قرآن کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

www.pakcity.org
pakcity.org
Please visit for more data at: www.pakcity.org